Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

| نمبر ۶ | بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم | جلد ۴۳ |
|---|---|---|

مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۱ رمضان المبارک سنہ ۱۳۴۹ھ مطابق ۳۱ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

فہرست مضامین


| نمبر شمار | خلاصہ مضامین | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۱ | احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم | |
| ۲ | احکام منسٹر صاحبان | |


## روبکار اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۲۴ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

فی ۲۲ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء کو ایک حساب مصارف گھوڑا گاڑی ماہواری نومبر سنہ ۱۹۳۰ء تعدادی عہ اور ایک بل اور تنخواہ ملازمان باغات شاہ آباد ماہ دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء تعدادی سہ ۱۳۱۹ بغرض منظوری بحکم مجرائی پیش ہوئے جن پر حکم مجرائی صادر فرمایا گیا۔ دریافت طلب یہ امر ہے کہ نومبر کا حساب تقریباً ڈھائی تین ماہ بعد اور دسمبر کا بل اور قریب ختم جنوری پر اس قدر تاخیر سے کیوں پیش ہوئے۔ اس بابت صیغہ متعلقہ اور اکاؤنٹنٹ ڈپارٹمنٹ سے جواب لیا جائے۔ اور مفصل رپورٹ پیش ہو۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے تعمیل حسب مصرحہ بالا صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیا جائے۔

---

ایک ایک نقل صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر، صاحب ہوم منسٹر بہادر، صاحب فائنینس منسٹر بہادر کی خدمت میں مرسل ہو۔ براہ مہربانی حسب منشائے حکم مطلع فرمایا جائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ۲۴ جنوری ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

## حکم اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۲۴ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء — دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

تحصیلداران سرکاری ملازم ہیں رجسٹری کے کام کا الاؤنس نہیں ملیگا۔ کاغذات صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

---

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض جناب عالی میرساند

مفصلات میں رجسٹری دستاویزات کے کام کا الاؤنس جبکہ آمدنی چہ سو روپیہ سال سے کم ہو۔ تحصیلداران کو سہ روپیہ فی صدی ملتا ہے۔ اور علاوہ حضور تحصیل کا جسٹرار کو۔ یہ معاملہ پیشگاہ بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم سے تفویض کمیٹی منسٹر صاحبان ہو گیا تھا۔ کمیٹی کی متفقہ رائے ہے کہ رجسٹری کا کام تحصیلداران کے فرائض میں داخل نہیں ہے۔ اسلئے جس شرح کے ساتھ ملتا ہے بدستور یہ الاؤنس ملتا رہے۔ البتہ جسٹرار چونکہ صیغہ رجسٹری کے ملازم ہیں انہیں علاوہ تنخواہ یہ الاؤنس نہ ملنا چاہئے۔ روئداد کمیٹی منسٹر صاحبان مع کاغذات متعلقہ ذریعہ عرضداشت حضور انور میں پیش ہیں۔

زیادہ حد ادب۔ آفتاب دولت واقبال تابان باد۔

عرضداشت۔ دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر
معروضہ ۲۲ر جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

بنفاذ حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۲۲ر جنوری سنہ ۱۹۳۱ء
دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

## حکم اجلاس ہمایون اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

## رخصت

۲۴ر جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بموجب رپورٹ عبدالرحمن مستری یتیم خانہ کی چہ ماہ کی رخصت برائے سفر حج منظور ہو۔ ایام رخصت کی رقم منسٹر صاحبان بہادر متعلق باختیار خود دیسکتے ہیں۔ کاغذات صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

---

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض جناب عالی میرساند

عبدالرحمن مستری یتیم خانہ مشاہرہ دار صہ ماہوار سفر حج کیواسطے چہ ماہ کی رخصت اور تنخواہ پیشگی چہ ماہ کا خواستگار ہے۔ صاحب ہوم منسٹر بہادر نے کاغذات برائے صدور حکم منظوری رخصت وعطاے تنخواہ پیشگی بھیجے ہیں جو ذریعہ عرضداشت حضور انور میں پیش ہیں۔ خیرخواہ عرض پرداز ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے چہ ماہ کی تنخواہ پیشگی اور رخصت چہ ماہ شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔ آفتاب دولت واقبال تابان باد۔

عرضداشت۔ دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر
معروضہ ۲۲ر جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

---

حسب مراسلت حکم احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۲۲ر جنوری سنہ ۱۹۳۱ء
دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

## رخصت

تاریخ ۲۲ر جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

نقل عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر دربارہ منظوری رخصت رعایتی چہ ماہ مسماۃ نیازنی تورہ دارنی تنخواہ دار پانچ روپیہ ماہوار برائے سفر حج بیت اللہ شریف۔

حکم

بموجب رپورٹ نیازنی تورہ دارنی تنخواہ دار پانچ روپیہ ماہانہ کی رخصت رعایتی چہ ماہ بضرورت سفر حج منظور ہے۔ کاغذات برائے کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

---

احکام ضابطہ حسب منشاء حکم جاری ہوں۔ ۲۲ر جنوری سنہ ۱۹۳۱ء
دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

## روبکار اجلاس ہمایون اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۲۴ر جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

چونکہ بمنسوخی قواعد واحکام سابقہ متعلق تقرر وامتحان وکلاء۔ جدید قواعد متعلق اشخاص وکالت پیشہ بمنظوری تاریخ امروزہ نافذ ہوئے ہیں۔ اسکے قاعدہ (۱۲) کی روسے رسوم درخواست امیدواران وکالت دو روپیہ معین کیا گیا ہے اس وجہ سے قواعد حادیہ گزٹ ۱۹۲۰ء حصہ پانزدہم کی تنسیخ ضروری ہے۔ لہذا ۱۶ قواعد حادیہ متذکرہ بالا منسوخ کیا جاتا ہے۔ اور اسکی بجائے حسب ذیل قائم کیا جاتا ہے۔

| نمبر شمار | نام کاغذ | خلاصہ | تعداد رسوم |
| --- | --- | --- | --- |
| ۱۶ | درخواست امیدواران وکالت | کسی درجہ کی ہو۔ | ۲ |

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے تعمیل صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

---

بنفاذ حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور درج گزٹ ہو۔ ۲۲ر جنوری سنہ ۱۹۳۱ء
دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

## حکم اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم

### تقرر جدید

۲۴ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم

ترتیب مسودات قانونی کے لئے ایک آسامی جدید بمشاہرہ پچیس روپیہ ماہانہ منظور کیجاتی ہے۔ اور مولوی علاء الحق کو شرکت کمیٹی کے روز چھ روپیہ یومیہ الاونس دیا جانا بموجب رپورٹ منظور ہے کاغذات بہائے کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

---

اعلیحضرت بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض — جناب عالی — میرساند

ترتیب مسودات قانونی کے لئے ایک خوشخط عربی۔ فارسی دان بمشاہرہ تیس روپیہ ماہوار صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر چاہتے ہیں اور کمیٹی قانون ساز کے ممبر مولوی علاء الحق وکیل کو بوجہ شرکت کمیٹی مالی نقصان پہنچ رہا ہے اسلئے مولوی علاء الحق وکیل درجہ اول کا دس روپیہ یومیہ الاونس ادن ایام کا دلانا چاہتے ہیں جنمیں وہ شریک کمیٹی ہوں یہ معاملہ پیشگاہ ہمایون سے تفویض کمیٹی منسٹر صاحبان فرمایا گیا کمیٹی کی متفقہ رائے ہے کہ جدید آسامی پچیس روپیہ تنخواہ کا دیا جانا ضروری ہے اور مولوی علاء الحق جس روز کمیٹی میں آئیں بحساب چھ روپیہ یومیہ الاونس دیا جائے روئداد کمیٹی مع جملہ کاغذات ذریعہ عرضداشت حضور انور میں پیش ہے زیادہ حد ادب۔ آفتاب دولت و اقبال تابان باد۔

عرضی

تجویز دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ۲۴ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

بمنشائے حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۲۴ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

## روبکار اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم

### واقع ۲۴ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم

عرضداشت ملاحظہ ہوئی حسب تفصیل ذیل انتظام منظور کیا جاتا ہے۔

۱۔ گوبند بہاری لال بحافظ دفتر دار الانشاء تا تین ماہ کے لئے بتنخواہ چالیس روپیہ ماہانہ رجسٹری صدر مین نائب رجسٹراری پر تبدیل ہو بعد مدت امتحان گذرنے پر صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر رپورٹ پیش کریں۔ اسوقت حکم صادر ہوگا۔ اسلئے کہ صیغہ رجسٹری مین قانونی کام ہے۔

۲۔ انوار الحسن اسسٹنٹ رجسٹرار صدر بمشاہرہ پچاس روپیہ ماہوار بحافظ دفتری دار الانشاء پر مستقل طور پر مقرر و تبدیل ہو۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے اجرائے احکام ضابطہ صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

---

بمنشائے حکم احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور درج گزٹ ہو ۲۴ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

## آرمی آرڈر پیشگاہ اعلیحضرت بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم

### رخصت

۲۴ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم

عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر معروضہ ۲۰ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء بدین مضمون کہ لفٹنٹ ایڈجوٹنٹ حمید الدین خان صاحب سکنڈ رامپور انفنٹری ۲۰ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء سے پانچ یوم کی رخصت چاہتے ہیں۔ اور گاؤں میں جائیں گے۔ اس سال میں ۱۰ لغایت ۱۲ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء تین یوم کی رخصت پاچکے ہیں۔ صاحب انچارج آرمی منسٹر بہادر نے منظوری رخصت پانچ یوم مذکورہ بالا کی بابت تحریک کی ملاحظہ ہوئی۔

بموجب عرضداشت لفٹنٹ ایڈجوٹنٹ حمید الدین خان صاحب کی پانچ یوم کی رخصت منظور ہے۔ آرمی آرڈر جاری ہو اور ایک نقل اسکی درج گزٹ ہو۔

## روبکار اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم

### واقع ۲۶ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم

آج ۲۶ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء کو تنخواہ ملازمان گھوڑ اکال ماہ دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء و جنوری سنہ ۱۹۳۱ء کی برآورد تعدادی [illegible] باستدعائے صدر حسب حکم مجرائی پیش ہوئی۔ اسپر کی تنخواہ کا اس قدر تاخیر سے تقسیم ہونا سخت ناپسندیدہ عمل ہے۔ دوسرے یہ کہ دو ماہ کی یکجائی برآورد مرتب ہونا قاعدہ مجریہ کے خلاف ہے۔ اس تاخیر کی بابت اور دو ماہ کی یکجائی برآورد ہونیکی بابت برائے آئندہ صیغہ متعلقہ کو اور فائیننس ڈپارٹمنٹ کو ہدایت کیجائے۔ ہمیشہ وقت پر برآورد مرتب ہو اور ہر ماہ کی برآورد علیحدہ مرتب ہوا کرے۔ ورنہ سخت باز پرس کیجائیگی۔ برآورد مذکور پر حکم مجرائی صادر فرمادیا گیا۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے تعمیل معروضہ بالا صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

---

بمنشائے حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو۔

۲۶ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء — دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

## روبکار اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۷ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

آج ۲۷ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء کو منفصلہ ذیل حسابات بابت کرایہ مکان انجینئر انہار ماہ اکتوبر و نومبر (عہ) و دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء جنوری سنہ ۱۹۳۱ء اور کرایہ مکان بلاسپور متعلق انہار یکم اگست لغایت (عہ) (عہ) نومبر سنہ ۱۹۳۰ء باستدعائے صدور حکم مجرائی پیش ہوئے۔ جن پر حکم مجرائی صادر (عہ) فرمایا گیا۔ دریافت طلب یہ امر ہے کہ کرایہ مکان انجینئر انہار کے حسابات اکتوبر سے اسوقت تک کے یکجائی اس قدر تاخیر سے کیوں بھیجے گئے۔ اسی طرح کرایہ مکان بلاسپور کا حساب چار ماہ کا یکجائی اب بھیجا گیا ہے حالانکہ ماہانہ وقت پر ترتیب حساب کیا جانا چاہئے۔ آئندہ وقت پر حساب مرتب ہوا کریں اور اس تاخیر کی بابت صیغہ متعلقہ اور فائننس ڈپارٹمنٹ سے جواب لیا جائے۔ صیغہ نہر سے یہ بھی دریافت ہو کہ تحصیل بلاسپور میں سات روپے ماہوار کرایہ کا مکان صیغہ نہر کی کس ضرورت سے ہے۔ اسکی مفصل رپورٹ پیش ہو۔

حکم

روبکار ہذا برائے تعمیل معروضہ بالا صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

---

بمنشائے حکم سررشتہ صدر سے احکام جاری ہوں۔ اور درج گزٹ ہو۔

۲۷ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

## روبکار اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۷ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

(دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم)

آج ۲۷ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء کو منفصلہ ذیل حسابات۔ الاؤنس گارڈ ہائے کانسٹیبلان ماہ ...

تحصیلات ماہ نومبر سنہ ۱۹۳۰ء وقوت بتی صرف شدہ کسٹم ہاؤس ماہ نومبر سنہ ۱۹۳۰ء باستدعائے صدور حکم مجرائی بابدولت واقبال کے حضور میں پیش ہوئے۔ جن پر حکم مجرائی صادر فرمایا گیا۔ دریافت طلب یہ امر ہے کہ نومبر کے حسابات اب اس قدر تاخیر سے کیوں پیش ہوئے۔ اس بابت صیغہ جات متعلق اور فائننس ڈپارٹمنٹ سے جواب لیا جائے۔ اور آئندہ ہدایت کیجائے کہ وقت پر حسابات مرتب ہوا کریں ورنہ سخت بازپرس ہوگی۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے تعمیل معروضہ بالا صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

---

ایک ایک نقل صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر وصاحب فائننس منسٹر بہادر وصاحب ہوم منسٹر بہادر کی خدمت میں مرسل ہو۔ بمنشائے حکم مطلع فرمایا جائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

۲۷ جنوری سنہ ۱۹۳۱ عیسوی

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

## روبکار اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۷ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

آج ۲۷ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء کو حساب تنخواہ ملازمان جینڈ ماہ دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء باستدعائے صدور حکم مجرائی بابدولت واقبال کے حضور میں پیش ہوا۔ جس پر حکم مجرائی صادر فرمایا گیا۔ دریافت کیا جائے کہ تنخواہ دسمبر کا حساب اس قدر تاخیر سے کیوں پیش ہوا۔ صیغہ متعلق اور فائننس ڈپارٹمنٹ کا اس بابت جواب لیا جائے۔ اور آئندہ کیلئے ہدایت کیجائے کہ وقت پر حسابات تیار ہوا کریں ورنہ سخت بازپرس کیجائیگی۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے تعمیل صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

---

ایک ایک نقل صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر وصاحب فائننس منسٹر بہادر کی خدمت میں مرسل ہو۔ براہ مہربانی بمنشائے حکم مطلع فرمایا جائے۔ اور ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ۲۷ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

## روبکار اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۷ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

آج ۲۷ جنوری سنہ ۱۹۳۱ء کو منفصلہ ذیل حسابات ماہواری اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء لغایت دسمبر سنہ ۱۹۳۰ء

اور ماہ دسمبر ۱۹۳۰ء کو باستدعائے صدر حکم بحالی منی روپے جناب مصارف ترقی سررشتہ رسالدار صدر روانہ باستدعائے تعمیلیں صدر ماہ اکتوبر ۱۹۳۰ء انجینئر ریل مٹری کا بابت ماہ دسمبر ۱۹۳۰ء تنخواہ احمد علی بیلدار کی ماہ دسمبر ۱۹۳۰ء

حسابات مذکور پر حکم بحالی صادر فرمادیا گیا۔ دریافت طلب یہ امر ہے کہ ان حسابات میں اس قدر تاخیر کیوں ہوئی اس بابت صیغہ جات متعلقہ اور فائینس ڈپارٹمنٹ کو دریافت کیا جائے۔ اور آئندہ کے لئے تنبیہ کردیجائے کہ حسابات وقت پر مرتب ہوا کریں۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے تعمیل بعرصہ بالا صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

—— * ——

حسب منشائے حکم سررشتہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور درج گزٹ ہو
۲۷ر جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

## روبکار اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۷ر جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بدولت واقبال کو پنڈت دامودر داس اور پنڈت منی لال کی خدمات پسندیدہ ہیں منظر پرورش پنڈت دامودر داس کی تنخواہ میں بیس روپیہ ماہانہ اور پنڈت منی لال کی تنخواہ میں دس روپیہ ماہانہ اضافہ منظور ہے۔

لہذا حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے تعمیل صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

—— * ——

بمنشائے حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو۔
۲۷ر جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

## روبکار اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۷ر جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بدولت واقبال کو اجودھیا پرشاد دکھا دجی کی خدمات پسندیدہ ہیں منظر پرورش

اجودھیا پرشاد دکھا دجی کی تنخواہ میں ... پندرہ روپیہ ماہانہ اضافہ منظور ہے۔

لہذا حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے تعمیل صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

—— * ——

بمنشائے حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو۔
۲۷ر جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

## حکم اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

### رخصت

موصولہ ۲۶ر جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

دربارہ منظوری رخصت پنج یوم اتفاقیہ مولوی قاسم علی اسسٹنٹ پرائیویٹ سکریٹری از ۲۵ر لغایت ۲۹ر جنوری سنہ ۱۹۳۱ء و اجازت تعطیل دو یوم ۲۳ر و ۲۴ر جنوری سنہ ۱۹۳۱ء ... ہوئی۔

### حکم

بموجب رپورٹ پانچ یوم کی رخصت منظور ہے۔ اور دو یوم ایام تعطیل کی اجازت دیجاتی ہے۔ کاغذات برائے کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

—— * ——

جناب صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر کی خدمت میں مرسل ہو۔ براہ مہربانی بمنشائے حکم کارروائی فرمائی جاوے۔ ۲۷ر جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

## حکم اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

### الاؤنس کرایہ تانگہ

۲۶ر جنوری سنہ ۱۹۳۱ عیسوی

تجویز یادداشت صاحب چیف منسٹر بہادر دربارہ صدور حکم بابت دس روپیہ الاؤنس بہ تنخواہ سید مرتضیٰ علی خوشنویس پندرہ روپیہ کرایہ تانگہ کی ... ماہوار بوجہ آمد و رفت برائے تعلیم خوشنویسی جناب ولیعہد بہادر۔

### حکم

بموجب رپورٹ ... خوشنویس کی بسلغ دس روپیہ الاؤنس ماہانہ پندرہ روپیہ کرایہ

...مانگ سے کل پچیس روپیہ ماہانہ مقرر کیا جانا منظور ہے۔ کاغذات بغرض کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

---

بمنشائے حکم بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

۲۸ جنوری ۱۹۳۱ء دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

## احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

### تقرر

۲۹ جنوری ۱۹۳۱ء

پنڈت رام چند کے مصاحبان سے تیس روپیہ ماہوار مقرر کیا جانا منظور ہیں۔ کاغذات بنابر کارروائی و اجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض — تجاویز عالی — میر سامانہ

سید ابن علی صاحب کی تحریر صاحب ملٹری سکرٹری بہادر نے بھیجی ہے کہ اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم نے پنڈت کنہیا لال کے بجائے پنڈت رام چند کو مصاحبان میں بمشاہرہ تیس روپیہ ماہوار مقرر فرمایا ہے۔ بوجہ [illegible] نامبردہ کا نام خارج ہوا تھا۔ چونکہ کاغذات ذریعہ عرضداشت حضور انور میں پیش ہیں۔ ترتیب و عرض پرداز ہے کہ یہ تقرر جدید بھی بیگاہ عالی سے حکم منظوری شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔ آفتاب دولت واقبال تابان باد۔ عرضی

ترتیب و دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر مورخہ ۲۹ جنوری ۱۹۳۱ء

---

بمنشائے حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۲۹ جنوری ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

### منسوخی رخصت

۲۹ جنوری ۱۹۳۱ء

(۳) تین یوم کی رخصت مندرجہ رپورٹ منسوخ کی جاتی ہے۔ کاغذات برائے کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

از ۲۷ جنوری ۱۹۳۱ء لغایت [illegible]

اعلیحضرت بندگان حضور

بعز عرض — جناب عالی — میر سامانہ

مولوی نظام الدین صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل کی [illegible] منظور ہوئی تھی۔ [illegible]

یوم ۲۲ و ۲۳ دسمبر ۱۹۳۰ء [illegible] کی اجازت دی گئی تھی۔

۲۰ دسمبر ۱۹۳۰ء سے [illegible] تین یوم کی منسوخی رخصت کے خواستگار ہیں۔ کاغذات [illegible] صاحب [illegible] بہادر ذریعہ عرضداشت حضور انور میں پیش ہیں۔ ترتیب و دست بستہ عرض ہے کہ تین یوم کی منسوخی رخصت کا حکم شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔ آفتاب دولت واقبال تابان باد۔ عرضی

ترتیب و دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر مورخہ [illegible]

---

بمنشائے حکم سررشتہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۲۹ جنوری ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

### اجازت شکار

۲۹ جنوری ۱۹۳۱ء

کاغذات شکار ملاحظہ ہوئے۔ موضع [illegible] اور [illegible] آباد میں بطور رعایت تحفظ جانوران صحرائی کے شکار کی اجازت دی جاتی ہے۔ کاغذات برائے کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

---

بمنشائے حکم بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم سررشتہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

۲۹ جنوری ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

## آرڈی آرڈر پیشگاہ بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

[illegible]
مورخہ [illegible] جنوری

عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر مورخہ [illegible] جنوری سنہ ۱۹۳۱ء بدین خلاصہ عرض کہ لفٹنٹ ایڈجوٹنٹ حمیدالدین خان صاحب سیکنڈ رامپور انفنٹری کی رخصت بلا [illegible] یوم [illegible] لغایت ۲۲ر جنوری سنہ ۱۹۳۱ء منظور [illegible] ۲۰ر جنوری سنہ ۱۹۳۱ء کو حاضر ہو گئے اس لئے دو یوم کی تنخواہ چاہتے ہیں۔ اور صاحب انچارج آرمی منسٹر نے اسکی بابت کاغذات بھیجے ہیں [illegible] صاحب [illegible] عرضداشت لفٹنٹ ایڈجوٹنٹ حمیدالدین خان کی دو یوم کی رخصت منظور کیجاتی ہے آرڈر جاری ہو۔ اور ایک نقل اسکی درج گزٹ ہو۔

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

### ترقی عہدہ

[illegible] جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

کاغذات سیکشن بورڈ منعقدہ [illegible] جنوری سنہ ۱۹۳۱ء ملاحظہ کئے گئے چونکہ اکثر صاحبان سیکشن بورڈ نے جمعدار بانکے لعل صاحب فرسٹ رامپور انفنٹری کو قابل ترقی عہدہ صوبیداری قرار دیا ہے [illegible] جمعدار بانکے لعل صاحب کو بجائے خالی صوبیداری [illegible] ترقی دیجانا منظور ہے۔ حسب قاعدہ [illegible] اور ایک نقل اسکی درج گزٹ ہو۔

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

## حکم اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

### تقرر

۹ر جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

بموجب رپورٹ کمیٹی [illegible] تقرر [illegible] منظور ہے۔ کاغذات بنا بر کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

---

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعد عرض [illegible] جناب عالی [illegible]

[illegible] کا [illegible] ہو گیا [illegible] صاحب [illegible] کے ذریعہ سے ہو رہا ہے [illegible] وہاں کام کرتا ہے۔ کام کی زیادتی کے باعث [illegible] ۲۰ روپیہ ماہوار مقرر کرنے کیلئے [illegible] صاحب [illegible] سکریٹری بہادر [illegible] اتفاق ہے [illegible] منظوری [illegible] عرضداشت حضور [illegible]

---

بعد [illegible] پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری [illegible]

دستخط [illegible] جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

---

[illegible] ۲۰ر جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب [illegible] منسٹر بہادر

## نقل تحریر اجلاس صاحب فائننس منسٹر بہادر

جناب صاحب ہوم منسٹر بہادر کی خدمت میں مرسلہ کر [illegible] اندراج گزٹ کے لئے یہ کاغذ [illegible] ارسال فرما دیا جائے [illegible] میں اعلان [illegible] ۲۸ر جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب فائننس منسٹر بہادر

## اعلان

حسب منشاء حکم اجلاس ہمایوں دام اقبالہم وملکہم [illegible] (۲ [illegible]) [illegible] میعاد ٹھیکہ حال ۱۴ر اپریل سنہ ۱۹۳۱ء کو ختم ہو جائیگی [illegible] پانچ سال [illegible] سال کیواسطے ٹھیکہ لینے [illegible] اپنے شرائط ٹھیکہ [illegible] پیش کر دیں۔ اگر [illegible] ریلوے اسٹیشن واقع ہے دیکھ سکتے ہیں۔

دستخط صاحب فائننس منسٹر بہادر

---

نوٹ برائے اندراج گزٹ [illegible] ۲۰ر جنوری سنہ ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب پریسیڈنٹ [illegible]

# احکام اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

## تقرر بہ تنزل

۱۹ جنوری ۱۹۳۱ء

مثنہ تحریر صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر مشعر اسکے کہ سید ظہور حسین اور محمد بشیر ڈرائیوران کے متعلق حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم کا ارشاد تھا کہ بعد رہائی کچھ تنخواہ کم کرکے ملازم رکھ لیا جاوے۔

حکم

چونکہ بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم سے حکم ہوا ہے کہ سید ظہور حسین [illegible] ڈرائیوران کو بعد رہائی کچھ تنخواہ کم کرکے ملازم رکھ لیا جائے۔ لہذا حسب تحریر صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر آٹھ آنہ ماہوار موٹر ڈرائیوران کی تنخواہوں سے کم ہوکر سید ظہور حسین کا تقرر بمشاہرہ چوبیس روپیہ آٹھ آنہ اور محمد بشیر کا تقرر بمشاہرہ چودہ روپیہ آٹھ آنہ منظور ہے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

## بحالی

۲۲ جنوری ۱۹۳۱ء

مثنہ رپورٹ سید ابن علی صاحب افسر ارباب نشاط متعلقہ حضور پرنور معہ مدد ملٹری سکریٹری بہادر دربارہ منظوری بحالی چھنو خاں سرودی مشاہرہ دار اٹھارہ روپیہ ماہوار ملازم سابق صیغہ ارباب نشاط متعین۔

حکم

حسب منشاء حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم کہ چھنو خاں سرودی مشاہرہ دار اٹھارہ روپیہ ماہوار اپنی جگہ پر صیغہ ارباب نشاط میں بحال کیا جاوے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

## جرمانہ

۲۲ جنوری ۱۹۳۱ء

مثنہ تحریر کنٹرولر صاحب ہاؤس ہولڈ مرسلہ جناب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ منظوری جرمانہ پانچ روپیہ علی شاہ خاں منصرم باورچیخانہ جات عہدداری مشاہرہ پچاس روپیہ بوجہ نہ پہنچنے کھانا دوپہر سید اختر حسین صاحب کو۔ واظہار ناخوشی بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم۔

حکم

حسب تحریر صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر منشی علی شاہ خاں منصرم باورچیخانہ جات عہدداری مشاہرہ دار سے پانچ روپیہ جرمانہ منظور ہے صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

۲۶ جنوری ۱۹۳۱ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

## تقرر ماہانہ از مد انعام عنایات

۱۶ جنوری ۱۹۳۱ء

نقل تحریر صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر بدیں مضمون کہ بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم نے ارشاد فرمایا ہے کہ مد انعام عنایات سے از ابتدائے یکم جنوری ۱۹۳۱ء صاحبزادی شہزادی بیگم صاحبہ کے مبلغ چار سو روپیہ ماہانہ انعام تقرر کئے جائیں ارشاد عالی ہے کہ صاحب چیف منسٹر بہادر احکام جاری کردیں حصول منظوری کی ضرورت نہیں ہے۔ لہذا حسب منشائے حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم بتصدیق عدالت شریعت کے براہ کرم احکام ضابطہ جاری فرمائے جائیں۔

حکم

بمنشائے حکم اعلیٰحضرت بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم حسب تحریر جناب صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

## توسیع ملازمت

۲۱ جنوری ۱۹۳۱ء

مثنہ رپورٹ ہیڈ ماسٹر صاحب ہائی اسکول دربارہ توسیع مدت ملازمت غیر مستقل مسمی خلعت اللہ خاں ڈرائنگ ماسٹر ہائی اسکول مشاہرہ دار چالیس روپیہ ماہوار از یکم فروری ۱۹۳۱ء تا ۱۵ اپریل ۱۹۳۱ء

حکم

حسب تحریر جناب صاحب ہوم منسٹر بہادر ماسٹر خلعت اللہ خاں مشاہرہ دار چالیس روپیہ ماہوار کی توسیع ملازمت ۱۵ اپریل ۱۹۳۱ء تک منظور ہے۔ کاغذات بغرض کارروائی صاحب موصوف کی خدمت میں مرسل ہوں۔ ۲۶ جنوری ۱۹۳۱ء

دستخط

صاحب چیف منسٹر بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس جناب صاحب چیف منسٹر بہادر احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۲۷ جنوری ۱۹۳۱ء

دستخط

پرسنل اسسٹنٹ۔ صاحب ہوم منسٹر بہادر